سوال

(142) دباغت سے پہلے مردار چمڑے کی بیع جائز ہے یا نہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دباغت سے پہلے مردار چمڑے کی بیع جائز ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دباغت سے پہلے مردار چمڑے کی بیع کرنے میں اختلاف ہے۔ ایک قول جواز کا بھی ہے۔ (شرح مسلم للنوی) میں بھی اس کو جائز سمجھتا ہوں۔ البتہ استعمال اس کا دباغت پر موقوف ہے۔ (اہل حدیث 14 جنوری سن 1944ء)

تشریح۔

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلے میں کے مردار کا چمڑا بلا مدبوغ خرید وفروخت کرنا اور منفعت اور قیمت کھانے او پینے میں استعمال کرنا جائز ہے کہ نہیں۔ ؟

جواب۔ جائز نہیں ہے۔ جواز کیلئے دباغت شرط ہے۔ فی المنتقیٰ ص 8

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 14 ص 117